

# برصغیر کے علمائے اہل سنت کی تفسیری خدمات

محمد سلیم انصاری ادروی

# برصغیر کے علمائے اہل سنت کی تفسیری خدمات

## اردو :

- تفسیر رؤفی : حضرت شاہ رؤف احمد رافت مجددی علیہ الرحمہ
- موضح قرآن : علامہ شاہ عبد القادر محدث دہلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر حقانی : علامہ عبد الحق حقانی دہلوی علیہ الرحمہ
- خزائن العرفان : علامہ سید نعیم الدین مفسر مرادآبادی علیہ الرحمہ
- نعیم البیان فی تفسیر القرآن : علامہ سید نعیم الدین مفسر مرادآبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر اشرفی : علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ + علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی حفظہ اللہ
- نور العرفان : مفتی احمد یار خان نعیمی محدث بدایونی علیہ الرحمہ
- تفسیر نعیمی : مفتی احمد یار خان نعیمی محدث بدایونی علیہ الرحمہ + مفتی اقتدار احمد خان نعیمی علیہ الرحمہ
- تبیان القرآن : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ
- تفسیر تبیان الفرقان : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ
- تفسیر اویسی : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- تفہیم القرآن : علامہ غلام رسول رضوی محدث امرت سری علیہ الرحمہ
- تفسیر رضوی : مولانا حشمت علی رضوی بریلوی علیہ الرحمہ

- تفسیر الحسنات : علامہ ابو الحسنات سید محمد قادری علیہ الرحمہ
- احکام القرآن : مفتی جلال الدین احمد قادری علیہ الرحمہ
- تفسیر فاضلی : حضرت فضل شاہ قطب عالم علیہ الرحمہ
- ضیاء القرآن : علامہ جسٹس پیر کرم شاہ ازہری علیہ الرحمہ
- جمال الایمان : علامہ سید محمد ذاکر شاہ علیہ الرحمہ
- تفسیر نور القرآن : علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ علیہ الرحمہ
- نجوم الفرقان : علامہ عبد الرزاق بھترالوی علیہ الرحمہ
- فیوض القرآن : ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی علیہ الرحمہ
- تفسیر مظہر القرآن : مفتی مظہر اللہ نقشبندی دہلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر ریاض القرآن : مفتی ابو النصر محمد ریاض الدین قادری چشتی نقشبندی سہروردی علیہ الرحمہ
- تفسیر ریاض العرفان : مفتی ابو النصر محمد ریاض الدین قادری چشتی نقشبندی سہروردی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن مجید : مولانا سلامت اللہ اعظمی ثم رام پوری علیہ الرحمہ
- تفسیر صدیقی : مولانا عبد القدیر صدیقی قادری حیدرآبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر میزان الادیان : سید دیدار علی شاہ محدث الوری علیہ الرحمہ
- تفسیر خلیقی : مفتی محمد یار خلیق فاروقی علیہ الرحمہ
- تنویر القرآن : مفتی اعجاز ولی خان رضوی بریلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن مجید : مولانا قاری احمد پیلی بھیتی علیہ الرحمہ

- خلاصۃ التفاسیر : مفتی محمد خلیل خان برکاتی محدث علی گڑھی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن مجید : میاں عبد الرشید شہید علیہ الرحمہ
- تفسیر حقانی : حضرت سید شاہ حقانی مارہروی علیہ الرحمہ
- کشف القلوب المعروف بہ تفسیر قادری : مولانا سید محمد عمر حسینی قادری علیہ الرحمہ
- تفسیر تنزیل : سید بابا قادری حیدر آبادی علیہ الرحمہ
- التبیان : علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ
- تفسیر ازہری : علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی ازہری علیہ الرحمہ
- سورۂ فاتحہ اور سورۂ والضحیٰ تا سورۂ الناس کی تفسیر : علامہ سید تراب الحق قادری فاروقی علیہ الرحمہ
- تفسیر طیبات بینات : بی بی رقیہ بنت عبد الحق خیرآبادی علیہا الرحمہ
- تفسیر رقیہ : سیدہ رقیہ محمود کاظمیہ قادریہ علیہا الرحمہ
- برہان القرآن : علامہ محمد قاری طیب نقشبندی حفظہ اللہ
- تفسیر اظہار العرفان : مولانا سید محمد ممتاز اشرفی حفظہ اللہ
- امداد الکرم : علامہ محمد امداد حسین پیر زادہ حفظہ اللہ
- تفسیر کشف الاسرار بفضل النبی المختار : مفتی محمد مختار احمد دُرّانی محدث خان پوری حفظہ اللہ
- تفسیر نور الامین :علامہ سعید احمد اسعد صاحب حفظہ اللہ
- ترجمہ افضلیہ و تفسیرات افضلیہ : پیر محمد افضل قادری حفظہ اللہ
- صراط الجنان : مفتی محمد قاسم عطاری حفظہ اللہ

- تفسیر ناموس رسالت : مفتی ضیاء احمد قادری نقشبندی حفظہ اللہ

## عربی :

- تفسیر غرائب القرآن : شیخ نظام الدین حسن بن محمد نیشاپوری علیہ الرحمہ
- تبصیر الرحمن : شیخ علاء الدین علی بن احمد مہائمی علیہ الرحمہ
- قرآن القرآن : حضرت شاہ کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی علیہ الرحمہ
- السلسبیل فی تفسیر التنزیل : علامہ عبد العزیز پرہاروی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن : مفتی محمد باقر لاہوری علیہ الرحمہ
- تفسیر انوری : شیخ حاجی عبد الوہاب بخاری علیہ الرحمہ
- کاشف الحقائق و قاموس الدقائق : مولانا شیخ احمد بن محمد تھانسیری علیہ الرحمہ
- تفسیر عزیزی : مولانا قاضی عزیز اللہ مٹیاروی علیہ الرحمہ
- تفسیرات احمدیہ : ملا احمد جیون امیٹھوی علیہ الرحمہ
- لغات القرآن : خواجہ محمد حسن جان فاروقی مجددی علیہ الرحمہ
- تفسیر ملتقط : سید محمد بن یوسف حسینی گیسودراز علیہ الرحمہ
- انوار الاسرار فی حقائق القرآن : شیخ عیسیٰ بن قاسم سندھی علیہ الرحمہ
- تفسیر محمدی : شیخ محمد حسن چشتی احمد آبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر مظہری : قاضی ثناء اللہ عثمانی پانی پتی علیہ الرحمہ

- منبع عیون المعانی : شیخ مبارک بن خضر ناگوری علیہ الرحمہ
- زبدۃ التفاسیر : شیخ معین الدین بن خواجہ محمود نقشبندی کشمیری علیہ الرحمہ
- زبدۃ التفاسیر للقد ماء المشاہیر : شیخ الاسلام بن قاضی عبد الوہاب گجراتی علیہ الرحمہ
- ثواقب التنزیل : شیخ علی اصغر بن شیخ عبد الصمد قنوجی علیہ الرحمہ
- فضل الرحمن : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ

## فارسی:

- تفسیر مفیض المحبت و مورث المعرفت : میر عبد الواحد بلگرامی علیہ الرحمہ
- تفسیر بحر مواج : قاضی شہاب الدین دولت آبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر امینی : شیخ محمد امین صدیقی علیہ الرحمہ
- تفسیر عزیزی : علامہ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ
- معدن الجواہر : ملا ولی اللہ ابن ملا حبیب اللہ فرنگی محلی علیہ الرحمہ
- مواہب الرحمن : مولانا غلام محمد اسلمی شافعی مدراسی علیہ الرحمہ
- تفسیر صدیقی : حضرت خواجہ غلام صدیق شہداد کوٹی علیہ الرحمہ
- معالمات الاسرار فی مکاشفات القرآن : مولانا حکیم سید محمد حسن صاحب امروہوی علیہ الرحمہ

## سندھی:

- تسہیل القرآن : علامہ مخدوم اللہ بخش عباسی علیہ الرحمہ

- تفسیر فاضلین : مولانا سید محمد فاضل شاہ کاظمی علیہ الرحمہ
- خزائن العرفان : الحاج رحیم بخش قمر لاکھو علیہ الرحمہ
- تفسیر جلالی : مولانا سید محمد ناصر جلالی علیہ الرحمہ
- تفسیر متعلوی : حضرت عزیز اللہ متعلوی علیہ الرحمہ

## منظوم تفاسیر:

- تفسیر نبوی (پنجابی) : مولانا نبی بخش حلوائی علیہ الرحمہ
- تنویر القرآن (اردو) : مولانا کیف الحسن قادری حفظہ اللہ

(**نوٹ**: ان سبھی تفسیروں کے تقریباً سبھی مصنفین کا مختصر تعارف میری کتاب **"تذکرہ المفسرین"** اور مولانا رضوان طاہر صاحب حفظہ اللہ کی کتاب **"پاک و ہند کے علمائے اہلسنت کی تفسیری خدمات"** میں درج ہے۔)

**تذکرۃ المفسرین:** اس کتاب میں راقم الحروف نے چالیس سے زائد سنی تفاسیر کے مصنفین کی مختصر حالات جمع کیے ہیں، علاوہ ازیں جو تفسیریں مطبوعہ تھیں ان تفسیروں کو شائع کرنے والے مکتبوں کا نام مع سن اشاعت درج کر دیا ہے۔ قارئین کی آسانی کے لیے میں نے سب سے پہلے فوت شدہ مفسرین کا تعارف کرایا، پھر جو حیات تھے ان کا، اس کے بعد جنھوں نے منظوم تفاسیر لکھیں ان کا اور اخیر میں ان خواتین کا جو مفسرہ قرآن تھیں۔ اس کتاب کے آخری حصے میں میں نے تبرکاً دو فہرستیں بھی شامل کر دی

ہیں۔ پہلی فہرست میں برصغیر کے سنی مترجمین کے تراجم قرآن ہیں، جس میں فارسی، اردو اور سندھی زبان کے چند تراجم قرآن جن کے نام مجھے یاد تھے مختصر تعارف کے ساتھ شامل کر دیے ہیں، جب کہ دوسری فہرست میں میں نے اپنے ضلع مؤ کے سنی علما و مفسرین کی اس موضوع پر لکھی ہوئیں تصانیف کو شامل کر دیا ہے۔ یہ کتاب ۸ جنوری سنہ ۲۰۲۱ء کو پی ڈی ایف کی شکل میں منظر عام پر آئی تھی۔

https://drive.google.com/file/d/1bfqwqL9CokLcZCQ7icti-xXZc-MQNY66/view?usp=drivesdk

**پاک و ہند کے مفسرین اہلسنت اور ان کی تفسیریں:** اس کتاب میں مولانا رضوان طاہر حفظہ اللہ نے ساٹھ سے زائد سنی تفسیروں اور ان کے مصنفین کی مختصر حالات پیش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے، جس میں وہ بہت حد تک کامیاب بھی ہوئے۔ اس کتاب کے مؤلف نے سب سے پہلے اصول تفسیر پر برصغیر کے سنی علما کی چند کتب کا مختصر تعارف پیش کیا۔ پھر اردو، عربی، سندھی اور فارسی زبان میں لکھی گئیں تفسیرں کا الگ الگ باب باندھ کر مختصر تعارف کرایا۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہم دونوں نے اس موضوع کا پورے طور سے حق ادا نہیں کیا، یعنی کام بہت مختصر ہوا۔ پھر بھی ایک چیز کی خوشی ہوئی وہ یہ کہ کم از کم اس طرح بہت سی سنی تفاسیر ایک جگہ جمع ہو گئیں۔ ویسے یہ کتاب بھی مارچ سنہ ۲۰۲۱ء میں پی ڈی ایف کی شکل میں منظر عام پر آگئی تھی۔

https://archive.org/details/20210404_20210404_0047

از: محمد سلیم انصاری ادروی

۱۷ جون سنہ ۲۰۲۱ء